جنگیں جب بھی لڑی جاتی ہیں وہ کمک کے بغیر زیادہ عرصے تک جاری نہیں رہتی۔ ہم دیکھ رہے ہیں کہ افغانستان میں جاری یہ خانہ جنگی بڑے عرصے سے چل رہی ہے۔ ایک طرف آپ یہ سوچیں کہ ان کو کمک کہاں سے آ رہی ہے، ان کے پاس funding کہاں سے آ رہی ہے تو آپ دیکھیں کہ اس میں لازمی طور پر انڈیا کا بہت بڑا ہاتھ ہے۔ ہم اس چیز کو بہت زیادہ condemn کرتے ہیں اور ایک چیز جس پر میں زور دینا چاہتا ہوں، میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ آپ اپنی ہر چیز کا الزام ایک ہی پارٹی پر نہ ڈالیں۔ کچھ ایسی صورتحال رکھی جائے کہ لوگوں کے سامنے ایک واضح picture آئے اور ان لوگوں کے بارے میں بھی پتا چلے جو کہ زیادہ شر پھیلا رہے ہیں۔ Indians نے یہ حساب رکھا ہوا ہے کہ کچھ بھی ہوتا ہے تو ان کا پہلا target پاکستان ہوتا ہے۔ without any investigation. ممبئی حملہ ہوا،ابھی بندہ گرفتار بھی نہیں ہوا اور پاکستان پر الزام ڈال دیا گیا تھا۔ ابھی حال ہی کی خبر ہے آسام کی، جو لوگ migrate کرکے چلے گئے تھے وہ جب واپس آسام آئے، جو ایک ا فوا اڑائی گئی آسام میں کہ لوگوں کا قتل عام کیا جائے گا، اس میں بھی Indian Minister نے بغیر کچھ سوچے سمجھے پاکستان پر الزام ڈال دیا، even پاکستان کے social media پر انہوں نے الزام ڈال دیا کہ ان کی وجہ سے یہ انارکی پھیلی ہے۔ اس کے بعد بیشک Indian channels نے خود اس چیز کو condemn کیا کہ نہیں ایسا نہیں ہے بلکہ اس میں Indian extremists involve تھے۔

جناب والا! بلوچستان کی صورتحال اس وقت بہت گھمبیر ہے۔ ہم سانحہ بنگال جیسا ایک اور واقعہ برداشت قطعاً نہیں کر سکتے، اس لیے ہم نے یہ resolution یہاں پر put کی ہے کہ جو بلوچستان میں لوگوں کو گمراہ کرنے والے عناصر ہیں ان پر نظر رکھی جائے اور انڈیا کی interference کے بارے میں international community کو آگاہ کیا جائے تاکہ دوبارہ سانحہ بنگال جیسا واقعہ پیش نہ آئے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: وزیراعظم صاحب! جب آپ مشورہ کرتے ہیں تو ذرا دھیمی آواز میں کیا کریں because it disturbs. شکریہ۔ جناب وقاص احمد صاحب۔

جناب وقاص احمد: شکریہ میڈم سپیکر۔ Green Party کی طرف سے بہت اچھی resolution آئی ہے لیکن اس میں اگر کچھ amendment کر دیتے میرے بھائی تو مجھے خوشی ہوگی۔ اس میں صرف انڈیا کا نام لیا گیا ہے جو ایک بڑی زیادتی ہے۔ اس میں اگر دوسرے ممالک کے نام بھی شامل کیے جاتے تو اچھا ہوتا جیسے اسرائیل، روس اور دیگر ممالک کیونکہ ہم جانتے ہیں ثبوت بھی موجود ہیں اور یہ چیز بڑی واضح ہے کہ ان سب ممالک کے وہاں پر interests ہیں اور افغانستان کو بھی ہم رد نہیں کر سکتے اور اس کو شامل کر سکتے ہیں۔ اگر ہمیں ڈر لگتا ہے تو پھر بھی ہم یہ تو لکھ سکتے ہیں کہ "other countries also should be included in this resolution."

دوسری بات یہ ہے کہ ہمارے وزیر داخلہ رحمٰن ملک صاحب سپریم کورٹ میں کہتے ہیں کہ in camera briefing میں ہم تمام ثبوت آپ کو دکھانے کے لیے تیار ہیں لیکن ہم public میں یہ چیزیں پیش کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں کہ دوسرے ممالک کی interference ہے۔ جب آپ کے پاس ثبوت بھی موجود ہیں اور دوسری چیزیں بھی موجود ہیں تو آپ کو کون سی چیز روکتی ہے جو آپ United Nations میں اس چیز کو پیش نہیں کرتے۔ آپ کو کون سی چیز روک رہی ہے جو آپ United Nations میں اس چیز پر بات ہی نہیں کرتے کہ

یہ ممالک ہیں جو یہاں پر مسائل پیدا کر رہے ہیں۔ جب آپ کے پاس ثبوت ہیں اور ہر چیز ہے تو ہماری ایجنسیوں میں کیا اتنی بھی سکت نہیں ہے کہ وہ ان چیزوں میں intervene کریں اور ان کو روکیں۔ ہماری ایجنسیوں نے کیا کام کیا ہے کہ ان چیزوں کو کیسے روکا جائے؟ اس پر کیا work plan انہوں نے تیار کیا ہے۔ اس پر پارلیمنٹ میں بھی اور دوسری جگہوں پر کیوں بات نہیں کی جاتی۔ یہ تو کہتے ہیں کہ Interference ہے لیکن یہ کیوں نہیں کہتے کہ اس کو handle کیسے کیا جائے۔ میرے خیال میں اگر ان باتوں کو بھی resolution میں شامل کر دیں تو یہ مزید بہتر ہو سکتی ہے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ جناب کاشف یوسف بدر صاحب۔

جناب کاشف یوسف بدر: شکریہ میڈم سپیکر۔ میں اپنے معزز رکن بات آگے بڑھاتے ہوئے کہوں گا کہ یہ جو انڈیا اور افغانستان کا نام لیا گیا ہے، میں ایک amendment propose کرتا ہوں کہ "foreign forces" لکھا جائے تو اس میں تمام چیزیں آ جائیں گی کیونکہ بلوچستان میں تقریباً 20 ممالک کے interests ہیں۔ اس لیے اگر اس میں "foreign forces" لکھا جائے تو اس میں تمام ممالک شامل ہو جائیں گے۔ دوسری بات میں یہ کرنا چاہوں گا کہ بار بار ہم یہی کہہ رہے ہیں کہ بلوچستان میں باہر کے ممالک آکر ہمیں نقصان پہنچا رہے ہیں، جیسے انڈیا اور افغانستان ہمیں نقصان پہنچا رہے ہیں۔ ہمیں یہ بھی دیکھنا چاہیے کہ آج سے 20, 25 سال پہلے ہم بھی دودھ کے دھلے نہیں تھے۔ پاکستان کی ISI اور دوسری intelligence agencies دوسرے ممالک میں جا کر بڑے گل کھلاتی رہی ہیں۔ مجھے ایک فلم کا dialogue یا آ رہا ہے کہ شیشوں کے گھروں میں رہنے والے پتھر نہیں پھینکا کرتے۔ جب ہم نے بلوچستان کے اندر اپنے وطن پرست لوگوں کو شہید کیا جیسے کہ نواب اکبر بگٹی صاحب۔ انہوں نے جب ہوش سنبھالا تو وہ وطن پرست تھے، جب وہ شہید ہوئے تو وہ وطن پرست تھے۔ ان لوگوں کو جب ہم لوگ شہید کریں گے تو وہاں سے لوگ Balochistan Liberation Army کی صورت میں ابھریں گے اور وہ دشمن قوتوں کا آلہ کار بنیں، وہ افغانستان جائیں گے، وہ انڈیا کی مدد لیں گے، وہ روس کی مدد لیں گے، وہ اسرائیل کی مدد لیں گے اور وہ اس لیے لیں گے کہ جب ہم لوگ خود گھر کے رہنے والوں کو ماریں تو وہ باہر کی مدد ہی لیں گے۔ اس لیے میں یہ کہنا چاہوں گا کہ نہ کہ ہمیں دوسرے ممالک کو یہ کہنا چاہیے کہ وہ ہمارے علاقے میں، ہماری حدود میں interest لے رہے ہیں----

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ جناب ریحان بلوچ صاحب۔

جناب ریحان بلوچ: شکریہ میڈم سپیکر۔ میڈم سپیکر! جو یہ resolution میرے ساتھیوں نے پیش کی ہے، میں اس سے بالکل اتفاق نہیں کرتا۔ I consider it a bigger description or a bigger question کیونکہ اگر انڈیا کو دیکھا جائے اور اگر جغرافیہ کو دیکھا جائے تو وہ بلوچستان سے بہت دور ہے۔ میں گوادر میں رہتا ہوں اور گوادر میں حالات خراب ہیں۔ ادھر میں نے آج تک نہ کوئی را کا ایجنٹ دیکھا ہے نہ کھاد کا ایجنڈ دیکھا ہے، نہ موساد کا ایجنڈ دیکھا ہے اور نہ ہی کے جی بی کا ایجنڈ دیکھا ہے۔ میں نے آج تک وہ bullet نہیں دیکھی جس پر لکھا ہوا ہو .made in India or made in Afghanistan آج تک میں نے میڈم کلاشنکوف نہیں دیکھی جس پر لکھا ہوا ہو .made in Russia or made in India میڈم سپیکر! یہ ایک internal مسئلہ ہے۔ پاکستانی

secret agencies اور FC کے لوگ اس میں خود involve ہیں۔ چمن بارڈر جو پختون ریجن میں آتی ہے، ادھر تقریباً دو یا تین ہزار FC کے لوگ پہرا دے رہے ہیں تو پھر کس طرح باہر سے infilteration ہو رہی ہے اور لوگ پاکستان میں آ رہے ہیں۔ ظاہر سی بات ہے کہ یہ FC والے اور پولیس والے اس میں involve ہیں۔

میڈم سپیکر! میں آج ایوان کو یہ بات واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ انڈیا کو،افغانستان کو روس کو ہم نے نفسیات طور پر اپنا دشمن بنایا ہوا ہے لیکن ایک stable federation and democratic Pakistan India اور پوری دنیا کی favour میں ہے۔ ہم اپنی ناکامی کو چھپانے کے لیے دوسروں پر الزام لگاتے ہیں لیکن ہم یہ نہیں دیکھتے کہ ہم لوگ خود کیا کر رہے ہیں۔ ہم لوگ خود افغانستان میں کیا کر رہے ہیں، انڈیا میں کیا کر رہے ہیں، ایران میں کیا کر رہے ہیں، ہمیں یہ سب کچھ دیکھنا چاہیے۔ الزام لگانا بہت آسان کام ہے۔ بلوچستان ایک no go area ہے۔ میں دعوت دیتا ہوں ان سب کو کہ وہ بلوچستان کا visit کریں آپ کو کوئی خاد کا ایجنٹ یا را کا کوئی ایجنٹ نظر نہیں آئے گا، یہ سب باتیں رحمٰن ملک کی زبان ہے۔ میڈم سپیکر! اگر ثبوت ہوتے تو وہ میڈیا کے سامنے کیوں نہیں لاتے۔ اگر ایسا ہے تو ان کو چاہیے کہ وہ میڈیا کے سامنے لائیں تاکہ پوری عوام کو پتا چلے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ جناب نجیب عابد بلوچ صاحب۔

جناب نجیب عابد بلوچ: شکریہ میڈم سپیکر۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

Madam Deputy Speaker: Please order in the House.

جناب نجیب عابد بلوچ: میڈم سپیکر! 1988 میں جب بابائے بلوچ محترم بزنجو صاحب وفات پا گئے تھے جو federation کی سیاست کی علامت سمجھے جاتے تھے، اس زمانے میں کوئی یہ point out نہیں کر سکتا تھا کہ بلوچستان میں باہر کی interference ہے۔ ہاں اس سے پہلے تھا بالکل ہوتی تھی، کوئی شک نہیں لیکن مجھے یہ بتایا جائے کہ کوئی میرے گھر پر پانچ مرتبہ حملہ کرے، میرے بچوں کو مارے، میرے گھر کی دیواریں توڑے، میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ اگر مجھے شیطان سے مدد لینی کی ضرورت پڑی تو میں اس سے مدد لوں گا۔ میں شیطان کی مدد کو بھی قبول کروں گا کیونکہ آپ نے میرے گھر پر مسلسل حملہ کیا ہے اور کرتے آ رہے ہیں لیکن بات یہ ہے کہ باہر کی interference ہوتی کیوں ہے۔ یہی بات کو سمجھنا ہے۔ آپ نے وہاں کے لوگوں کا قتل عام کیا، آپ نے وہاں کے لوگوں کو 14 اگست کے روز ایک ایسے معاشرے میں پنپنے دیا کہ 14 اگست اور 23 مارچ کو آپ پاکستانی نہیں ہو، ہم آپ کو network نہیں دیں گے، آپ کو communication نہیں دیں گے، آپ کے internet بند ہیں، آپ کے mobile phones بند ہیں۔ 14 اگست کو ہمارے لیے یہ تحائف ہیں تو پھر آپ خود سمجھیں کہ ہمارے ساتھ کیا treatment ہو رہی ہے۔ عید کے دن چار مسخ شدہ لاشیں ملی ہیں۔ آپ کو یہ بات نہیں پتا بلکہ یہاں پر کسی کو اس کا بات کا علم نہیں ہے اور عید کے دوسرے اور تیسرے دن وہاں پر دکانیں نہیں کھلی ہوتیں۔ یہاں سے ایک بات کی گئی کہ بلوچوں کو گمراہ کیا جا رہا ہے۔ بلوچوں کے لیے لفظ گمراہ انتہائی غلط استعمال کیا گیا ہے۔ بلوچ نے آپ کے محترم قائداعظم محمد علی جناح صاحب سے جو agreement کیا تھا آپ نے اس کی violation کی ہے۔ بلوچ نے اس کی violation نہیں کی ہے۔ بلوچ آج بھی وہی demand کر رہا ہے۔ میں وہ Election Treaty سب کو دکھا سکتا ہوں with the

جو خان آف قلات کے ساتھ لکھا گیا تھا اور اس میں لکھا ہوا ہے کہ بلوچستان کے letter of Quaid-e-Azam کسی بھی معاملے میں پاکستان کا کوئی عمل دخل نہیں ہوگا سوائے currency, foreign affairs and defence کے۔ آپ نے کیا دیا۔ آپ نے اپنے قائد کی بات نہیں مانی تو ہم آپ کی کون سی بات مانیں۔ آپ محترم رحمٰن ملک صاحب، وزیر داخلہ کی بات کرتے ہیں، ہمارے opposition کے ایک رکن نے بڑی اچھی بات کی ہے کہ آج تک کوئی evidence سامنے نہیں آئی ہے اور میں نے بھی کوئی نہیں دیکھی۔ واقعی یہ بات درست ہے کہ بلوچستان کی بارڈر دو، تین ہزار کلومیٹر دور روس سے ہے اور ایک ہزار کلومیٹر دور انڈیا سے ہوگا، تقریباً 45000 FC and paramilitary forces بلوچستان میں operate کر رہی ہیں۔ Antinarcotics forces بلوچستان کی بارڈر پر patrolling کر رہی ہے، مجھے یہ بتائیں کہ وہ کیا جنات کے ذریعے بلوچوں کی مدد کر رہے ہیں؟ کوئی logical بات کریں۔ وہ یعنی BLA تو accept کرتی ہے، even نواب خیر بخش خان کہتے ہیں کہ مجھے swine بھی مدد کرے تو میں اس کی مدد قبول کروں گا۔ ان کا تو واضح stance ہے۔ وہ تو اس بات کو مانتے ہیں، ان کو تو مدد چاہیے۔ نواب براہمداد بگٹی کی بات آپ سنیں، آج وہ جینیوا میں بیٹھے ہوئے ہیں، وہ کہتے ہیں کوئی بھی مدد کرے میں تو اس کی مدد قبول کروں گا، میرا تو مقصد ہی یہی ہے کہ میں پاکستان کو توڑوں اور اپنے بلوچ وطن کو آزاد کراؤں۔ ہمیں یہ سوچنا پڑے گا کہ باہر کی interference کیوں ہو رہی ہے۔ آپ نے بلوچوں پر حملہ کیا، آپ نے بلوچوں کے ننگ و ناموس پر حملہ کیا، بلوچوں کی عزت پر حملہ کیا، تب جا کر ایسی صورتحال پیدا ہوئی ہے۔ جب یہ طریقے بند ہوں گے، پاکستان کی دوغلی پالیسی، منافقت کی پالیسی جو بلوچوں کے ساتھ ہے، وہ جب ختم ہوگی، جب بلوچوں کو پنجاب کے لوگوں کی طرح treat کیا جائے گا، بلوچوں کو کراچی کے لوگوں کی طرح treat کیا جائے گا، بلوچوں کو خیبرپختونخوا کے لوگوں کی طرح treat کیا جائے گا، تب جا کر بلوچستان میں قائم ہوگا۔ اگر آپ ہمیں ایک انتہائی غلط طریقے سے بلکہ میں تو کہتا ہوں کہ غلاموں کے ساتھ بھی post Islam اس طرح کی حرکتیں نہیں ہوتی تھیں جو آپ لوگ ہمارے ساتھ کر رہے ہیں۔ اگر آپ ہمارے ساتھ صحیح treatment کریں گے، بلوچوں کی ریاست کو خودمختار کریں گے، ہمیں confederation کا status دیں گے تو یقیناً یہ تمام مسائل حل ہو جائیں گے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: بہت شکریہ آپ کا۔ محترمہ ایلیا نوروز علی صاحبہ۔

Miss Alia Noroze Ali: I would want to second with the member of Balochistan here. But as he has said that you can’t see agents. First thing is that the agents don’t wear suits or uniforms but on the other side, what he was saying, he was right and what Mr. Najeeb was saying that first we should think that why has this situation created? What were the reasons? I don’t know, whether I should agree with what he was saying because I don’t know the things in detail but the thing is that we should understand that if the situation is created, it is not created overnight, it has taken years and years. The thing is that we can’t overlook our own history. When we say that if India is involved, if India is intruding within he affairs of Pakistan, we should know that what we have done in the past too. We should be more intelligent in dealing these issues. Second, when we say that Pakistan is being intruded by India, we should know that Pakistan in the first place is vulnerable. Our institutions are weak. So, what we should do? We should make our own

institutions strong. The third thing is that if we go to the UN and we say that India should not do this. Are we in a position that if we go there? Would they listen to us? Are we strong enough? Thank you.

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترمہ مہرین سیدہ صاحبہ۔

محترمہ مہرین سیدہ: شکریہ۔ میں اس پر بہت دیر سے بات کرنا چاہ رہی تھی۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ ہمارے جو بلوچ بھائی ہیں ہم ان کو realize کرائیں کہ ہم پنجابی، پٹھان، سندھی، ہم ان کے دشمن نہیں ہیں۔ مجھے ایلیا کی بات بہت اچھی لگی کہ ایجنٹ کوئی وردی نہیں پہنتا، وہ کوئی پولیس کا تھانیدار نہیں کہ وہ ہمیں کسی جگہ کھڑا نظر آئے گا۔ اگر ان کو را کا، یا موساد کا یا خاد کا کوئی ایجنٹ نظر نہیں آیا تو کیا ان کو ایسا کوئی نظر آیا کہ وہاں پر پنجابی وہاں کھڑے ہیں اور ان کو مار رہے ہیں یا پٹھان مار رہے ہیں یا سندھی مار رہے ہیں۔ ایسا نہیں ہے۔ مہربانی کرکے پہلے ہمیں اپنی unity کو strong کرنا پڑے گا۔

جناب نجیب عابد بلوچ: میں ایک clarification دینا چاہوں۔ میں نے یہ نہیں کہا کہ ہمیں پنجاب مار رہا ہے۔ میں نے یہ کہا ہے کہ ہمیں پنجابی، سندھی اور پختونوں کی طرح treat کیا جائے۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: جی مہرین صاحبہ۔

محترمہ مہرین سیدہ: میں یہ کہنا چاہتی ہوں کہ دیکھیں میں مانتی ہوں اس بات کو، اس میں کوئی شک نہیں کہ احساس محرومی کا ایک factor ہے، زیادتی ہوئی ہے لیکن مہربانی کرکے بلوچستان ایک سونے کی چڑیا بن چکا ہے جیسے کہ برصغیر کسی وقت میں تھا۔ وہاں سونے کی کانیں ہیں، وافر مقدار میں معدنیات ہیں، آپ کو یہ کیوں نظر نہیں آتا۔ یہاں پر داخلی صورتحال اتنی زیادہ خطرناک نہیں جتنی کہ خارجی صورتحال خراب ہےباہر کی دنیا کا اس میں بہت زیادہ interest ہے۔ ایک اور بات یہاں پر افغانستان کو بھی mention کیا گیا اور انڈیا کو بھی mention کیا گیا۔ I don't know the names کچھ لوگوں نے یہاں پر کہا تھا کہ اس میں صرف انڈیا کا نام نہیں آنا چاہیے۔ میں بھی اس بات کو مانتی ہوں کہ صرف انڈیا کو نہیں بلکہ اس میں بہت سے foreign factors involve ہیں۔ اس چیز کو اس میں include ہونا چاہیے۔

دوسری بات یہ ہے کہ جب بھی issues آتے ہیں تو اللہ نہ کرے کہ کوئی ایسا دن آئے کہ ہمیں اپنے بلوچستان کے لیے بھی کہیں اقوام متحدہ میں نہ جانا پڑے۔ مہربانی کرکے اس کے کردار کو سمجھیے۔ یہ بالکل ایسا ہے، جیسا کہ آپ لوگ جانتے ہیں کہ جب First World War ہوئی اور جب League of Nations بنی تو اس نے کیا کیا وہ ہم سب لوگ جانتے ہیں۔ جب Second World War ہوئی تو میں اقوام متحدہ کا کردار ایسے لیتی ہوں کہ جیسے کسی جگہ پر کچھ تھانے ہیں، ان کا ہاتھ پوری طرح نہیں چلتا، وہ پوری طرح اس چیز کو earn نہیں کر پاتے جو وہ ناجائز طریقے سے کرنا چاہتے ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ سارے چور تھانیدار مل کر کہتے ہیں چلو ایک بڑا تھانہ create کر دیتے ہیں اور وہاں سے مل کر ہم اپنے سارے مقاصد حاصل کر سکتے ہیں۔ لہٰذا اس پر depend نہ کریں۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ ہمارے بلوچ بھائیوں کے ذہنوں میں اگر کسی قسم کی کوئی غلط فہمی ہے تو اس کو دور کریں۔ اگر ہم آپس میں strong ہو جائیں گے تو پھر یہ بیرونی طاقتوں کا خطرہ بھی کم ہو جائیں گے۔ بہت شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ جناب سلمان خان شنواری صاحب۔

جناب سلمان خان شنواری: شکریہ میڈم سپیکر۔ آپ کی بڑی مہربانی کہ آپ نے مجھے وقت دیا۔ میڈم سپیکر! یہاں پر بڑی مزیدار باتیں کیں لوگوں نے۔ پہلے تو میں آپ کو انڈیا کی طرف لے کر جانا چاہوں گا کیونکہ وہ ہماری resolution کا subject ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہمارے ملک میں انڈیا کی involvement ہے اور یہ ضروری نہیں ہے کہ را کے ایجنٹ یا کسی اور ملک کے ایجنٹ اپنے اوپر label لگائیں گے لیکن اس involvement کی بھی کچھ وجوہات ہیں جس کی وجہ سے وہ involvement ہوئی ہے۔ ہماری بھی وہاں پر involvement رہ چکی ہے۔ ممبئی میں جو حملے ہوئے ہیں۔ یہاں پر کچھ bomb blasts ہوتے ہیں اور پھر انڈیا میں ایک حملہ ہو جاتا ہے۔ پھر یہاں پر ہوتا ہے اور پھر انڈیا میں ہوتا ہے۔ یہ ساری چیزیں connected ہیں۔ اس کو ہم اس طرح نہیں deal کر سکتے کہ جی صرف ان کی غلطی ہے، اس میں ہماری اپنی بھی غلطی ہے۔ اس سے مجھے ایک حدیث یاد آتی ہے کہ رسول پاک ﷺ کے پاس ایک مرتبہ ایک عورت آئی اور اس نے کہا کہ آپ نصیحت کریں میرے بیٹے کو وہ میٹھی چیزیں بہت کھاتا ہے۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اس کو کل لے آؤ میں کل کر دوں گا۔ اگلے دن جب وہ عورت اپنے بیٹے کو لے کر آئی تو آپ ﷺ نے اس کے بیٹے کو نصیحت کر دی۔ بعد میں کسی نے پوچھا کہ کیا وجہ تھی جو آپ ﷺ نے اس کو کل بلایا تھا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اس دن میں نے خود میٹھا کھایا ہوا تھا جس کی وجہ سے میں اس کو نصیحت نہیں کر سکتا۔ لہٰذا جب تک آپ اپنے اندر کا ٹھیک نہیں کریں گے، اگر ہم across the border ملوث رہیں گے تو اس طرح کے کام تو ہوتے رہیں گے، جیسا کہ سابق وزیر اعظم افغانستان ربانی صاحب کو مارا گیا تھا۔ حقانی نیٹ ورک ہے جس جو آپ کے ادارے support کرتے ہیں۔ لہٰذا ان تمام چیزوں کو دیکھنا پڑے گا اور اپنی غلطیاں نکال کر پھر اس کے بعد ہم international forum پر جائیں گے کہ جی اب انڈیا back out کرے۔ دوسری بات یہ ہے کہ بڑی مزیدار بات کی نجیب صاحب نے اور بالکل ٹھیک بات کی ہے کہ جب تک آپ کے internal معاملات ٹھیک نہیں ہوں گے اس وقت تک باہر کے لوگ ضرور آئیں گے دخل اندازی کرنے کے لیے۔پہلے آپ اندر سے اپنے آپ کو ٹھیک کریں پھر میں معاملات ٹھیک ہوں گے۔ اگر یہاں پر unity ہو تو پھر امریکہ بھی اگر اپنے agents بھیجتا ہے تو وہ کچھ نہیں کر سکتے۔ یہاں پر اداروں نے اپنی forces رکھی ہوئی ہیں۔ طالبان پاکستان نے اپنی force بنائی ہوئی ہے۔ انڈیا کی اپنی ہے، افغانستان کی اپنی ہے۔ پہلا اپنا ملک وہ ان چیزوں کو ختم کرے، grey areas نہ رکھے، black and white میں کر دے۔ اپنی forces رکھے، اس کی مدد سے تمام طالبان کو ختم کرے، تمام terrorists کو ختم کرے اور اپنی نجی forces نہ رکھیں اور اپنی funding نہ کریں۔

یہاں پر ایک رکن نے کہا تھا کہ ہمیں اپنے بلوچ بھائیوں کو یہ یقین دہانی کرانی چاہیے کہ ہم ان کے ساتھ ہیں۔ یہ کہنا بہت آسان ہوتا ہے لیکن کرنا بڑا مشکل ہوتا ہے۔ آپ نے اگر یقین دلانی ہے تو کیا یہاں پر ہر بندہ تیار ہے کہ بلوچستان سے جتنے resources نکلتے ہیں وہ ان کے حوالے کر دیں۔ پچھلی مرتبہ میں نے دیکھا تھا کہ لوگ تیار نہیں تھے، even اس یوتھ پارلیمنٹ میں تیار نہیں تھے۔ لوگوں نے ایسی ایسی باتیں کیں کہ جی بلوچستان کو تو اتنا چاہیے ہی نہیں، پنجاب میں industries لگی ہوئی ہیں، خیبرپختونخوا میں یہ لگا ہوا ہے، سندھ میں وہ لگا ہوا ہے۔ اس لیے وہاں پر گیس کی زیادہ ضرورت ہے اور بلوچسستان میں میں کیا

ضرورت ہے، وہاں کی تو آبادی ہی صرف آبادی ہے۔ وہ ان کی اپنی جگہ ہے، وہاں پر copper mines ہیں، 5 billion tons copper ہے، کیا ہم تیار ہیں ان کو دینے کے لیے۔ اگر ہم تیار ہیں تو پھر مجھے سمجھ نہیں آتی کہ بلوچ ہم سے کیوں ناراض نہیں۔ اس میں تو کوئی دو رائے ہے ہی نہیں۔ آپ کی بڑی مہربانی۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: بہت شکریہ۔ جناب گوہر زمان۔

جناب گوہر زمان: شکریہ میڈم سپیکر۔ کہا گیا کہ شیطان بھی اگر مدد کرے تو مدد لی جائے گی تو یہ مت بھولا جائے کہ شیطان سے جب بھی مدد لی جاتی ہے تو وہ آپ کو بھی برباد کر دیتا ہے۔ اگر اس ایوان میں بیٹھے کوئی یہ سوچتا ہے کہ وہ کل پاکستان سے علیحدہ ہوگا اور وہ خوش رہے گا بلکہ سپر پاور بن جائے گا تو یہ اس کی بہت بڑی بھول ہے کیونکہ یہ بات ان کو بھی پتا ہے، یہ بات وہ بھی جانتے ہیں کہ ان کی بقا بھی اسی ملک کے ساتھ ہے۔ جو اندرونی مسائل ہیں وہ اس طرح کے مسائل ہیں کہ ایک گھر میں لوگوں کے درمیان کچھ ناچاقی ہو گئی ہے اور اس میں اگر آپ کا ہمسایہ بیچ میں آ کر آپ کے مسائل کو مزید آگ لگائے گا تو آپ پہلے اپنے ہمسائے کو چپ کرائیں گے کہ بھئی تم چپ کر جاؤ یہ میرے گھر کا مسئلہ ہے میں اسے خود حل کروں گا۔ ہمیں یہاں پر ایک simple liberal approach کی ضرورت ہے۔ اگر ہم یہاں پر یہ سوچنے بیٹھنے جائیں کہ ہمیں ایجنٹ نظر نہیں آتے تو یقین کریں کہ کراچی میں بھی ایجنٹ نظر نہیں آتے، وہاں پر بھی بوری بند لاشیں ملتی ہیں، لاہور میں بھی sectarian killings ہوتی ہیں، ملتان میں بھی sectarian killings ہوتی ہیں، پورے پاکستان میں یہ کام ہو رہا ہے۔ ہم یہاں پر اس amendment کی بات بھی کرتے ہیں کہ دیگر ممالک بھی اس میں ملوث ہیں۔ میں اس بات کو ضرور مانتا ہوں کہ یہاں پر دیگر ممالک کی بھی interference ہے لیکن میں اس بات کو پوری طرح support کرتا ہوں ہم یہاں پر انڈیا کو pinpoint کرکے کہنا چاہ رہے ہیں کہ ان کی یہاں پر interference ہے اور ہم اس چیز کو highlight کر رہے ہیں کیونکہ آپ کے خلاف ہمارے پاس ثبوت موجود ہیں۔ اس میں کوئی غلط بات نہیں ہے کہ اگر ہم کسی ایک کو pinpoint کریں کیونکہ ہم اس سے گزشتہ اجلاس میں بار بار USA کی interference کو بھی ہم discuss کر چکے ہیں تو اگر آج ہم انڈیا کو pinpoint کر رہے ہیں تو کوئی غلط بات نہیں ہے۔

اگر ہم غور سے دیکھیں کہ پاکستان کے ساتھ کیا ہوا ہے تو آپ کو ایک بہت بڑی strategy نظر آتی ہے۔ اس میں یقیناً ہمارے اپنے لوگوں کا بھی ہاتھ ہے کیونکہ جب تک گھر کا بھیدی کسی کے ساتھ نہیں ملتا اس وقت تک ایسے حالات نہیں ہوتا۔ آپ independence کے وقت کے حالات دیکھیں تو division کے وقت ایسی setting کی گئی کہ with the passage of time آپ کو tame ہونا پڑا اور پھر آپ 1971 میں اس کا نتیجہ دیکھتے ہیں کہ آپ اپنا آدھا ملک گنواتے ہیں۔ پھر آپ دیکھتے ہیں کہ افغانستان میں کس طرح USA India کو strong کر رہا ہے اور وہاں پر ایک pro Indian Government آ رہی ہے تو آپ کیا expect کرتے ہیں کیونکہ افغانستان تو آپ کے ساتھ کبھی sincere تھا ہی نہیں۔ انہوں نے تو آپ کی existence کو بھی تسلیم نہیں کیا تھا۔ کیا آپ expect کرتے ہیں کہ Indian dominant Government جو افغانستان میں بیٹھی ہے، کبھی بھی پاکستان کے ساتھ sincere ہو سکتی ہے؟ کیا آپ ان کے ساتھ ملک کر war on terror میں fairly بھی لڑ سکتے ہیں۔ یہ سب قیاس آرائیاں ہیں، ایسا کبھی بھی ممکن نہیں ہے۔ سارا الزام ڈال دیا گیا ہماری ایجنسیوں پر کہ یہ کچھ نہیں کر سکتے۔

مجھے فخر ہے اس ملک پر جس کی ISI intelligence agencies کو world’s No.1 قرار دیا گیا۔ اگر آپ یہ کہتے ہیں کہ یہ ان کا failure ہے تو مجھے یہ بتائیں کہ کون سی intelligence agency ایسی ہے جس پر اتنا burden ہے یعنی ایک طرف تو وہ کراچی میں ڈھونڈے قاتلوں کو، دوسری طرف پنجاب میں مسائل تلاش کریں، وہ بلوچستان میں بھی جائے، وہ آپ کو intelligence بھی فراہم کرے کہ militants کہاں سے operate کر رہے ہیں۔ اس کے علاوہ جو بیرونی ممالک سے مداخلت ہو رہی ہے، ان کو بھی note کریں تو یہ ایک بہت بڑا burden ہے۔ انشاء اللہ پاکستان اس کو cover up کرے گا اور مجھے پوری امید ہے کہ grievances دور ہوں گے اور جو بیرونی طاقتیں اس آگ کو بڑھا رہی ہیں انشاء اللہ ان کو منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔

جناب نجیب عابد بلوچ: میڈم سپیکر! میں ایک clarification کروں گا۔ محترم نے کہا کہ یہاں اس ایوان میں کسی کو پاکستان سے علیحدگی کا شوق ہے۔ مجھے تو شرم آتی ہے اپنے آپ کو اس ایوان کا رکن کہتے ہوئے کہ میں اتنے اجلاسوں سے چیخ چلا کر کہہ رہا ہوں کہ میں پاکستان پر اور patriotism میں یقین رکھتا ہوں۔ یہی تو دوغلی پالیسی ہے آپ لوگوں کی۔ اتنے desks بجائے گئے کہ آپ پاکستان کے خلاف بات کر رہے ہیں، آپ یہ کر رہے ہیں، آپ وہ کر رہے ہیں۔ شرم آتی ہے ایسی بات کرتے ہوئے اور ان لوگوں پر شرم آتی ہے جو ان باتوں پر desks بجاتے ہیں۔ میں نے کل حلف اٹھایا ہے کہ میں پاکستان کا وفادار رہوں گا۔ مجھے شرم آنی چاہیے ایسی بات کرتے ہوئے۔ یہی تو ہمارا گلہ ہے کہ پنجاب کے لوگ ہماری بات کو سمجھتے ہی نہیں ہیں۔ انہوں نے یہ تہیہ کیا ہوا ہے کہ ہم نے بلوچوں کو صرف اور صرف یہی declare کرنا ہے کہ آپ لوگ غدار ہیں، آپ لوگ غلط بات کر رہے ہیں۔ مجھے انتہائی شرم آ رہی ہے۔ میں آج اسی ایوان میں یہ فیصلہ کر چکا ہوں کہ I am not going to be a member of this Youth Parliament.

(At this stage Mr. Najeeb Abid Baloch walked out from the House.)

جناب گوہر زمان: میڈم سپیکر! Actually میرے کہنا کا مقصد کسی رکن کو نہیں تھا۔ انہوں نے leaders کی بات کی تھی جو یہ کہتے ہیں کہ ہم شیطان سے بھی مدد لیں گے تو میں نے ان کو point کیا تھا کہ وہ لوگ آپ کو غلط راستے پر لے کر جائیں گے۔ میں نے کسی رکن کے بارے میں نہیں کہا ہے۔ اگر کسی کی دل آزاری ہوئی ہے تو میں اس سے معافی مانگتا ہوں۔

جناب محمد ہاشم عظیم (وزیر اعظم یوتھ پارلیمنٹ): ہمارے ایک معزز رکن ہیں انہوں نے کافی کام بھی کیا ہے، ان کی کافی زیادہ ان چیزوں میں involvement بھی ہے تو میں بھی ان کے ساتھ جاتا ہوں ان کو منانے کے لیے۔ ہم جاتے ہیں اور کوشش کرتے ہیں ان کو منانے کی اور ان کو واپس ایوان میں لانے کی۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: جی جناب توصیف عباسی صاحب۔

جناب توصیف احمد عباسی: بہت شکریہ میڈم سپیکر۔ میں مختصر سی دو، تین باتیں عرض کرنا چاہ رہا تھا۔ میڈم سپیکر! Islamic Republic of Pakistan مسلم امہ کا first nuclear country ہے اور یہ ظاہر ہے کہ یہ بات کسی کو اتنی آسانی سے ہضم نہیں ہونے والی۔ اس لیے ہمارا ساتھ یہ مسائل پیدا ہو رہے ہیں کہ آج بلوچستان میں ہمیں مسائل درپیش ہیں۔ اس کے علاوہ میڈم سپیکر! یہاں پر میں ایک چیز note کر رہا تھا کہ ہم

لوگوں نے جو focus کیا ہے کہ جی interference صرف بلوچستان میں ہو رہی ہے۔ یہ صرف بلوچستان کا مسئلہ نہیں ہے۔ اس کے علاوہ میڈم سپیکر! ہمارے GHQ پر حملے ہو رہے ہیں، جو ہمارے مہران بیس پر حملے ہو رہے ہیں، جو ہمارے کامرا بیس پر حملے ہو رہے ہیں، جو روزانہ bomb blasts ہو رہے ہیں، جو ہم پر ڈرون حملے ہو رہے ہیں تو میڈم سپیکر! یہ تمام چیزیں اس کا ایک حصہ ہیں جو آپ کو اندرونی طور پر مستحکم ہونے سے روک رہی ہیں، جو آپ کو کمزور کر رہی ہیں۔ میں آپ سے یہ کہنا چاہ رہا ہوں کہ بلوچستان پر تو ہم نے پہلے بھی بات کی ہے تو یہ جو آج Resolution پیش کی گئی ہے اس میں یہ چیزیں بھی include ہونی چاہییں کہ جو بیرونی عناصر جو ہمارے ساتھ interface کر رہے ہیں، ہم کو destroy کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، یہ تمام چیزیں ان عوامل کا حصہ ہیں۔ جیسے جامی صاحب نے کہا، انہوں نے بڑی زبردست بات کی، انہوں نے کہا کہ 1999 سے پاکستان nuclear power بن چکا ہے تو اس وقت سے یعنی پچھلے 14 سال اس طرح کے حالات پیدا ہو رہے ہیں اور تحریک طالبان بھی آ گئے ہیں، لشکر طیبہ آ گئی ہیں اور جس طرح حماد صاحب نے کہا، میں ان سے بھی اتفاق کرتا ہوں کہ ہمارے پاس videos available ہیں، ہمارے پاس proves available ہیں تو آپ کو کیا مسئلہ ہے کہ جس کی وجہ سے آپ international forums پر جانے سے کتراتے ہیں، آپ اپنے لوگوں کو بتانے سے کتراتے ہیں۔ ہمارے رحمٰن ملک صاحب فرماتے ہیں کہ جی ہمارے پاس proves ہیں، ہم آپ کو بتائیں گے، بتائیں گے۔ پچھلے چار سال سے، جب سے وہ وزیر بنے ہیں، ہم تو یہ باتیں سنتے ہی آ رہے ہیں لیکن ابھی تک کچھ پتا نہیں چل سکا کہ وہ ثبوت کدھر ہیں۔ وہ ثبوت کیوں پیش نہیں کیے جا رہے ہیں۔ کیا مسائل ہم کو درپیش ہیں جس کی وجہ سے ہم لوگ اپنے لوگوں کو نہیں بتا سکتے کہ مسائل ہیں۔ اس کے علاوہ میڈم سپیکر میں چاہوں گا کہ یہ جو proves ہمارے پاس ہیں، جو سنہ 2002 سے bomb blasts ہمارے ملک میں ہو رہے ہیں، ان تمام کے ثبوت اکٹھے کرکے international forum پر اور United Nations کے Security Council میں اور آپ کی جو بین الاقوامی عدالت ہے اس کا دروازہ کھٹکھٹا کر تو دیکھیں کہ وہاں پر ہماری ان باتوں کو سنا جا رہا ہے یا نہیں۔ اس کے بات باقی چیزوں کے بارے میں بات ہو سکتی ہے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: جناب سراج میمن۔

جناب سراج الدین میمن: شکریہ میڈم سپیکر۔ میڈم کافی باتیں ہو چکی ہیں اور جیسا کہ Resolution میں لکھا گیا ہے کہ ہم انڈیا کو ہی target کر رہے ہیں لیکن ہمیں یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ راجستان میں جو خالستان movement تھی اس کے ہم بڑے supporter تھے۔ اب میں way forward کی طرف میں آنا چاہتا ہوں۔ کافی emotional باتیں ہو چکی ہیں۔ جس طرح ہم انڈیا کے ساتھ کافی معاملات پر بات کر رہے ہیں، سرکریک پر، سیاچن پر، کشمیر پر اور confidence building measures پر بات ہو رہی ہے۔ میرے خیال میں اب دونوں ممالک کو ایک نئے نقطے پر آنا چاہیے کہ دونوں طرف سے infiltration ہو رہی ہے۔ ہم وہاں پر کشمیری مجاہدین بھی بھیج رہے ہیں اور ہم اس بات کو acknowledge بھی کرتے ہیں۔ اب ایک dialogue process شروع ہونا چاہیے لیکن dialogue process شروع ہونے سے پہلے دونوں ممالک اپنا internal house ٹھیک کریں۔ بلوچستان میں احساس محرومی ہے، وہاں کے لیے ایک دوغلی پالیسی ہے، میں وفاقی وزیر سے اتفاق کروں

گا کہ شروع سے ہی ایسا ہے۔ پاکستان ایک multi-ethnic nation ہم کوئی ایک nation نہیں ہیں۔ ہر ethnic کا اپنا ایک mindset ہے، ان کے اپنے رسم و رواج ہیں، ان کی اپنی صدیوں پرانی تہذیب ہوتی ہے، وہ اس حساب سے رہنا چاہتے ہیں۔ لہٰذا ہم اپنی کوئی چیز یا رسم و رواج ان پر مسلط نہیں کر سکتے۔ سب سے پہلے ہمیں چاہیے کہ ہم ان سے dialogue کریں، جو ہمارے بلوچ بھائی باہر بیٹھے ہوئے ہیں، چاہے وہ جینیوا میں ہیں یا کینیڈا میں ہیں یا امریکہ میں ہیں۔ اگر میرے گھر پر بار بار حملہ ہوگا تو ظاہر سی بات ہے کہ یہودی ہو یا عیسائی ہو میں اس سے مدد لوں گا۔ جیسے ہمارے ہندو بھائی ہیں سندھ میں، میں جیکب آباد اور نصیرآباد کی بات کروں گا، وہاں پر حملے ہو رہے ہیں، so they are leaving for USA, Canada or any other place. ابھی Indian Government کا یہ بیان آیا ہے کہ اس سال 700 سے زیادہ ہندو فیملیاں سندھ سے ہجرت کر چکی ہیں اور ان کو Indian nationality دی جا چکی ہے۔ جب وہ اغوا ہوں گے، مارے جائیں گے، ان سے بھتا لیا جائے گا تو definitely وہ اپنی زندگی صحیح طور پر گزارنے کے لیے دوسری جگہ پر ہجرت کریں۔ لہٰذا بلوچ بھائیوں سے مذاکرات ہونے چاہییں کہ وہ ان سے کیوں مدد لے رہے ہیں؟

آخری بات یہ ہے کہ ہم انڈیا سے بات کریں، جس طرح ہماری گرین پارٹی کے معزز رکن نے یہ کہا تھا کہ شرم الشیخ میں میں من موہن سنگھ یہ accept کیا تھا کہ واقعی infiltration ہو رہی ہے تو وہ کب ختم ہوگی؟ وہ اس وقت ختم ہوگی جب ہم اپنے بھائیوں کو راضی کریں گے اور پھر اگر انڈیا دوبارہ ایسا کرے گا تو وہ خود ہی منع کر دیں گے کیونکہ ہم اپنا گھر ٹھیک کر چکے ہوں گے اور جب ہمارا گھر ٹھیک ہو گا اور انڈیا پھر ایسی حرکت کرے گا تب ہم اس قابل ہوں گے کہ international forum پر انڈیا کو criticize کرنے کے۔ یہ تب ہی کر سکتے ہیں، first deserve then desire. ابھی ہم deserve نہیں کرتے تو desire ہم کیوں کریں۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ جی جناب تیمور شاہ صاحب۔

جناب محمود تیمور شاہ: شکریہ میڈم سپیکر۔ جتنی بھی باتیں یہاں ہو چکی ہیں وہ یقیناً اسی بات کی طرف جاتی ہیں، ان کی summary یہی ہے کہ یہ resolution تو یقیناً بہت sound ہے لیکن آگ لگائی کس نے اور آگ کو بڑھا کون رہا ہے۔ یہ بات ہم نے کرنی ہے۔ آگ لگائی ہم نے ہی ہے اور اس پر پیٹرول انڈیا ڈال رہا ہے یا جتنے بھی factors ہیں جن کے نام لیے گئے ہیں، جتنے بھی ممالک ہیں لیکن یہ آگ ہم نے ہی لگائی ہے جو اب ہم بھگت رہے ہیں۔ پنجاب میں کہتے ہیں ناں کہ 'نہ چھیڑ ملنگا نوں پے جان گے ٹنگا نوں'۔ آپ کیوں ایسی حرکتیں کرتے ہیں۔ انڈیا میں ISI کو بھیج دیا۔ یہ بات درست ہے، میرے بھائی نے خالصتان تحریک کی بات کی جو بالکل درست ہے کہ we have supported Khalistan Movement. We have supported Jihad in Kashmir and apart from everything ISI has a very controversial role in the face of the world. لہٰذا یہ بات کرنا کہ جی یہ ہوگیا وہ گیا۔ پہلے آپ اپنا گھر درست کریں۔ بلوچوں کا قتل عام ہو رہا ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے اور یہ آگ لگائی بھی ہم نے ہی ہے۔ جب ہم اس کو control کریں گے تو تب ہی حالات ٹھیک ہوں گے۔ انہوں نے بالکل ٹھیک بات کی ہے کہ ان کو اگر کوئی بھی مدد کرے گے تو اس کی مدد لیں گے اور یہ جو بات proof کی کرتے ہیں کہ کیا proof ہے کہ Indian insurgency پاکستان میں ہے۔ پاکستان میں انڈیا کی support ہے۔ In camera briefing میں جو باتیں ہوتی ہیں وہ اسی لیے ہوتی ہیں تاکہ international political scenario پر ایک

دے proofs کے یا روس کے یا ایران کے یا اسرائیل کے انڈیا نے آپ آج اگر ۔رہے situation کی harmony دیے کہ یہ لوگ ہمارے ملک میں interference کر رہے ہیں تو پھر آپ تیار ہو جائیں کہ اگلے ہی روز انڈیا نے بھی ISI کا کچا چٹھا سامنے رکھ دینا ہے کہ جی آپ کی ISI ہمارے ملک میں کیا کر رہی ہے۔ پھر اگلے روز افغانستان نے بھی کہنا ہے کہ جی افغانستان میں ISI کیا کر رہی اور اسی طرح ایران میں اور روس میں کیا کر رہی ہے۔ لہٰذا proofs کو hide ہی رکھا جاتا ہے اور ان authorities کو ہی صرف بتایا جاتا ہے جو اس پر action لے سکیں۔ شاید یہی بات ہے کہ اس سے بڑا proof کیا ہوگا کہ ان کے leaders Geneva میں رہ رہے ہیں، ان کو support obviously India ہی کر رہا ہے اور یہ بات غلط ہے، ایسا نہیں ہونا چاہیے لیکن ہمیں بھی تو بلوچوں کے issues address کرنے چاہیں۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ جناب حسیب احسن صاحب۔ موجود نہیں ہیں۔ جناب عامر عباس طوری صاحب۔

جناب عامر عباس: شکریہ میڈم سپیکر۔ سپیکر صاحبہ! سب سے پہلے تو میں اس پر بات کروں گا کہ ہمیں اس ایوان میں، میں اپنے آپ سے ہی شروع کروں گا، جب بھی ہم بات کریں چاہے پارٹی میٹنگ میں یا ایوان میں، اگر میری طرف سے آج تک کوئی غلط بات ہوئی ہو، حالانکہ میں نے کوشش کی ہے کہ ہمیشہ میں ایک ذمہ دار رکن کی حیثیت سے بات کروں اور الفاظ کا چناؤ بھی مناسب رکھوں لیکن اگر پھر بھی کسی بھی رکن کو یا سیکرٹریٹ کو خصوصاً ہمارے جوائنٹ سیکرٹری جودت بھائی کو کوئی میری بات بری لگے تو اس کے لیے میں معذرت خواہ ہوں اور ہماری یہ کوشش ہونی چاہیے کہ ہمیں ہمیشہ تنقید برائے تنقید سے ہٹ کر تنقید برائے اصلاح کی طرف جانا چاہیے۔ آج ہمارے ایک رکن یہاں سے گئے، ان کا درد میں سمجھتا ہوں۔ بلوچستان کے حوالے سے ہم ہمیشہ غلط فہمی کا شکار رہے ہیں۔ ہماری غلط فہمی کیا ہوتی ہے کہ ہم اگر اپنی سالگرہ بھی check کرنا چاہیں تو ہم google میں دیکھتے ہیں۔ ہمیں کچھ حقائق طرف جانا چاہیے۔ بجائے اس کے کہ ایک دوسرے کے اوپر تنقید کریں اور اس پر ہم tables بجائیں، میں چار سال کوئٹہ میں Engineering University میں تھا۔ میں جب وہاں نیا نیا گیا تو میں نے نہیں سنا تھا بلوچستان کے بارے میں کہ وہاں پر کیا ہو رہا ہے لیکن جب میں نے وہاں پر کچھ حقائق دیکھے کہ میرے ساتھ ایک ساتھی تھے جن کا نام قمر شاکر تھا، وہ ایک معصوم اور شریف شخص تھا جو میرا class fellow تھا اس کو FC نے پکڑا رات کے اڑھائی بجے اور میں بیان نہیں کر سکتا کہ وہاں پر جو سلوک اس کے ساتھ ہوا اور پھر اس کے بعد اس کو پکڑ لے گئے اور الزام یہ لگایا کہ اس کے کمرے سے اتنی مقدار میں بارود نکلا ہے، راکٹ نکلے ہیں، حالانکہ وہ سب جھوٹ تھا۔ ٹھیک ہے کہ کچھ ایسے elements ہوں گے جو BLA کے یا BRF کے یا BLF کے ہیں جو anti Pakistani elements میں شامل ہوں گے لیکن ان کو بھی آپ نے اکسایا ہے۔ یہاں پر ایک رکن نے بڑی بہترین بات کی کہ پاکستان دوسرے ممالک میں ملوث ہے۔ ایک رکن نے یہ بات بھی کی ISIنے burden لیا ہے اور اس کی بڑی تعریف کی۔ آپ mere illusions پر نہ جائیں، آپ facts and figures پر بات کریں۔ ISI نے خود اپنے اوپر burden لیا ہے۔ آپ جب اسلام آباد میں بیٹھ کر کابل کی سیاست کریں گے، آپ پشتونوں کے اس وطن کو نیست و نابوت کریں گے، آپ so called cold war کا حصہ بنیں گے تو تب تو آپ کے وطن میں ایسی چیزیں

ہوں گی۔ آپ نے اس وقت طالبان بنائے، آپ نے ان کو انڈیا بھجوایا اور آپ نے کہا کہ یہ اسلام کے لیے لڑ رہے ہیں۔ اب جب امریکہ نے آپ کی fundingبند کی تو وہی طالبان آپ کے گلے میں fit ہو گئے۔ بات یہ ہے کہ آپ تاریخی حقائق پر جائیں، آپ نے ہمیشہ بلوچوں کو دیوار سے لگانے کی کوشش کی۔ آپ نے کبھی ان کے احساسات، جذبات، تخیلات، مشاہدات سمجھنے کی کوشش ہی نہیں کی۔ آپ یہ سمجھتے ہیں کہ کوئی بلوچ بات کرتا ہے تو وہ anti Pakistani ہے۔ ہم نے بھی پاکستان کی بہت خدمت کی، ہم نے بھی 14 اگست بہت منائے لیکن میں ذاتی طور پر پانچ، چھ سال ہو گئے ہیں کہ میں نے کبھی بھی 14 اگست کی نہ کسی کو مبارک باد دی ہے اور نہ ہی منائی ہے اور وہ اس وجہ سے کہ نہ صرف بلوچستان میں آپ نے ہمارے ساتھ، قبائلی علاقہ جات میں کیا سلوک کیا۔ میں نے آج تک یہ بات نہیں کی لیکن یہ چوتھا سیشن ہے اور میں نے سوچا کہ آج میں یہ بات ضرور کروں گا، میری family کے چھ کزنوں کی لاشیں بوریوں میں مجھے ملی ہیں اور وہ مسخ شدہ نہیں تھیں بلکہ ان کو آرا مشین سے کاٹا گیا تھا۔ یہاں پر کچھ ارکان کو پتا ہے، ان کے علم میں ہے کہ پارہ چنار کرم ایجنسی میں کیا صورتحال ہے۔ آپ کے پورے پاکستان میں یہ صورتحال ہے اور آپ ہمیشہ بلوچوں کو target کرتے ہیں۔ میں جتنے بھی دن وہاں رہا میں نے دیکھا کہ اس FC اہلکار کے خلاف احتجاج رہا اور اس میں میں بھی شامل تھا۔ اس کے بعد ہمارے بہت سارے دوست تھے۔ ہم VC Secretariat کی چھت پر گئے اور ہم نے کہا کہ یہ FC نہیں ہے۔ یہ اصل میں anti terrorist force ہے۔ آپ foreign elements کی بات کرتے ہیں، آپ کے پاس facts and figures نہیں ہیں، آپ Indian intervention کی بات کرتے ہیں لیکن حقیقت میں آپ ہی ہیں۔ آپ قائد اعظم محمد علی جناح، بابائے قوم کی ان باتوں کو بھلا دیا ہے، آپ نے خان آف قلات کی باتوں کو بھلا دیا، یہاں پر بہت ساری باتیں discuss ہو چکی ہیں لیکن میری یہ گزارش ہے، میری یہ عرض ہے کہ جب بھی اس ہاؤس میں بات ہو، کوئی ایسی quotations, کوئی ایسے فلمی dialogues, کوئی ایسی باتیں جن سے ایوان کا تقدس مجروح ہوتا ہو، اس سے اجتناب کرنا چاہیے۔ میں یہاں پر سب کے جذبات کی قدر کرتا ہوں لیکن ہمیں ہمیشہ الفاظ کا چناؤ ایسا رکھنا چاہیے کہ اس میں ایسا نہ ہو کہ آپ ایوان کے تقدس کو پامال کریں بلکہ آپ اپنی بات کو آگے بڑھائیں۔ میں اپنے آپ سے شروع کرتا ہوں جس طرح میں نے پہلے بھی عرض کیا کہ میں ایک بار پھر معذرت چاہتا ہوں اگر کسی کو بھی کوئی بات بری لگی ہو لیکن بجائے اس کے کہ ہم کسی resolution یا point of order پر بات کریں ہمیں اپنا opinion یہاں پر بتانا چاہیے اور دوسروں کو criticize نہیں کرنا چاہیے اور بلوچوں کے ساتھ بلوچ بھائیوں کے ساتھ ان کے اصل مسائل سمجھنا چاہییں۔ اگر ہمیں اصل مسئلے کا ادراک نہیں ہے تو اس resolution یا اس Motion پر بات نہیں کرنی چاہیے۔ بہت شکریہ۔

Madam Deputy Speaker: The honourable Opposition Leader, Mr. Tabraiz Sadiq Mari sahib.

جناب طبریز صادق مری: میں ایک مرتبہ Resolution دوبارہ پڑھنا چاہوں گا کیونکہ کافی دیر ہو گئی ہے اور میرے خیال میں لوگوں نے اس پر غور نہیں کیا۔

"The House is of the opinion that interference…"

اب پہلی بات ہے "interference" کی اور "interference" could be direct and "interference" could be indirect. یہاں پر لوگوں نے کہا کہ ہمیں RAW کے agent نظر نہیں آتے، ہمیں کلاشنکوف نظر نہیں آتی اور ہمیں

bullets پر made in India لکھا ہوا نظر نہیں آتا۔ میں یاد دلانا چاہوں گا کہ جب افغان وار تھی تو پیسا امریکہ کا تھا، ہتھیار اسرائیل کے تھے، ٹریننگ پاکستان کی تھی اور جہادی افغانستان کے تھے۔

